سوال نمبر:1516

منجاب شہلا بانو ممبر صوبائی اسمبلی

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| الف | کیا وزیر سماجی بہبود ازراہ کرم ارشاد فرمائیں کہ آیا یہ درست ہے کہ محکمہ معذور افراد کو الات مہیا کرتا ہے؟ | جی ہاں۔<br>یہ درست ہے کہ محکمہ سماجی بہبود معذور افراد کو امدادی الات مہیا کرتا ہے۔ |
| ب | محکمہ نے معذور طبقے کو Main Stream سوسائٹی میں لانے کے لیے کیا اقدامات کئے ہیں؟ | جی ہاں<br>محکمہ سماجی بہبود نے معذور افراد کو معاشرے کے مرکزی دھارے میں لانے کیلئے مندرجہ ذیل اقدامات کئے ہیں۔<br>1. یکم ستمبر 2025 کو پشاور یونیورسٹی میں پی سی آر ڈی پی کے فنڈز سے بریل اکیڈمی کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ یہ اکیڈمی خیبر پختونخوا کی مختلف جامعات میں زیر تعلیم معذور افراد کے لیے بریل خواندگی، آئی ٹی کی تعلیم، اور نقل و حرکت میں بہتری کے لیے معاون ثابت ہو گی۔<br>2. 37 کروڑ روپے صوبہ خیبر پختونخوا کے 37 ہزار معذور افراد میں فی کس 10 ہزار روپے کی شرح سے تقسیم کیے گئے۔ یہ سرگرمی جون میں مکمل ہوئی۔<br>3. 2000 برقی وہیل چیئرز، 2684 دستی وہیل چیئرز، 638 ہیئرنگ ایڈز، 852 ٹرائی سائیکل، 54 بیساکھیاں، 117 واکرز اور 111 سفید چھڑیوں کی خریداری کے لیے ٹینڈرز منظور ہو چکے ہیں۔ اشیاء کی ترسیل 60 سے 90 دن میں مکمل ہو گی۔<br>4. 3662 سلائی مشینوں کے لیے ٹینڈر 15 اگست 2025 کو جاری کیا گیا ہے۔ |
| ج | آیا حکومت پرائیویٹ سوشل ویلفیئر کے ساتھ کوئی Working Relationship بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ غربت کا خاتمہ ہو؟ | جی ہاں<br>گرانٹ ان ایڈ (GIA) کے ذریعے محکمہ سماجی بہبود کا غربت میں کمی کے لئے اپنے رجسٹرڈ NPOs/VSWA کے ساتھ ورکنگ ریلیشن شپ ہے۔ اس مد میں مندرجہ ذیل تنظیموں کی مالی مدد کی گئی ہے۔<br>گرانٹ ان ایڈ مندرجہ ذیل تنظیموں کو صوبائی حکومت کی منظوری کے بعد دی گئی۔ |

| نام | گرانٹ ان ایڈ | سال |
|---|---|---|
| ڈرگ فری پشاور فیز 1 | 75 ملین | 2021-22 |
| ڈرگ فری پشاور فیز 2 | 114.30 ملین | 2022-23 |
| ڈرگ فری پشاور فیز 3 | 326 ملین | 2023-24 |
| مسکن انسٹیٹوٹ سوات | 38.5 ملین | 2023-24 |
| امید سپیشل ایجوکیشن انسٹیٹوٹ پشاور | 57 ملین | 2015-16 سے 2024-25 |
| کیئر ویلفیئر آرگنائزیشن پشاور | 02.7 ملین | 2024-25 |
| اومنگ ویلفیئر آرگنائزیشن سوات | 15 ملین | 2023-24 |
| نیل کور آرگنائزیشن سوات | 150 ملین | 2021-22 |
| واناہ ویلفیئر ایسوسی ایشن | 35 ملین | 2022 تا 2024 |
| عائشہ فاونڈیشن پشاور | 03 ملین | 2024-25 |

CamScanner